انسانی مرقع کی سب سے حسین تصویر

آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے تیار کیے ہوئے افراد میں سے ایک ایک نبوت کا شاہکار ہے، اور نوع انسانی کے لیے باعث شرف وافتخار ہے، انسانیت کے مرقع میں بلکہ اس پوری کائنات میں پیغمبروں کو چھوڑ کر اس سے زیادہ حسین وجمیل، اس سے زیادہ دلکش ودل آویز تصویر نہیں ملتی، جو ان کی زندگی میں نظر آتی ہے، ان کا پختہ یقین، ان کا گہرا علم، ان کا سچا دل، ان کی بے تکلف زندگی، ان کی بے نفسی، خدا ترسی، ان کی پاکبازی، پاکیزگی، ان کی شفقت ورافت، اور ان کی شجاعت وجلادت، ان کا ذوقِ عبادت اور شوقِ شہادت، ان کی شہسواری اور ان کی شب زندہ داری، ان کی سیم وزر سے بے پروائی اور ان کی دنیا سے بے رغبتی، ان کا عدل، ان کا حسن انتظام دنیا کی تاریخ میں اپنی نظیر نہیں رکھتا، نبوت کا کارنامہ یہ ہے کہ اس نے جو انسانی افراد تیار کیے، ان میں ایک ایک فرد ایسا تھا جو اگر تاریخ کی متواتر شہادتیں نہ ہوتیں، تو ایک شاعرانہ تخیل اور ایک فرضی افسانہ معلوم ہوتا لیکن اب وہ ایک تاریخی حقیقت اور ایک مسلم الثبوت واقعہ ہے، جس میں شک کی کوئی گنجائش نہیں۔

مفکر اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ

سالانہ زرتعاون ₹400

۲۵/دسمبر ۲۰۱۸ء

فی شمارہ ₹20

رسید کتب

تعارف و تبصرہ

محمد اصطفاء الحسن کاندھلوی ندوی

نام کتاب: **آسان دینی معلومات**

مؤلف: مولانا سعید بنوندوی، افریقہ

''آسان دینی معلومات'' کے نام سے ایک پانچ سالہ دینی نصاب مولانا سعید بنوندوی مدظلہ کی جانب سے اردوداں امت کے افراد کے لیے ایک عمدہ تحفہ ہے، جس کو دینی مکاتب میں بچوں کی تعلیم اور تعلیم بالغاں کے نصاب میں شامل کیا جائے تو بہت مفید ثابت ہوسکتا ہے۔

اس سلسلہ میں الحمدللہ مختلف شخصیات نے کام کیا ہے، تاہم مولانا مدظلہ کی اس کاوش کی خصوصیات میں امت اسلامیہ کی اصلاح کے تئیں ان کی دلچسپی اور فکرمندی سے ظاہر ان کے اخلاص کے علاوہ امت کے احوال و مسائل کا گہرا مطالعہ بھی ہے، انھوں نے بڑی دماغ سوزی کے ساتھ اس کورس کو تیار کیا ہے، اور اس بات کی کوشش کی ہے کہ اس مختصر نصاب میں دینی معلومات کا کوئی اہم پہلو رہ نہ جائے۔

اس نصاب میں ''توحید''، ''رسالت و تاریخ انبیاء''، ''فقہی مسائل''، ''اخلاقی تربیت''، ''احادیث و دعا''، ''حفظِ قرآن''، ''سیرۃ النبی و سیرت صحابہ''، ''اسماء حسنیٰ'' اور ''فن تجوید'' جیسے بنیادی اہم موضوعات کو سلسلہ وار اور درجہ بندی کے ساتھ پانچ مختلف حصوں میں پیش کیا گیا ہے، جن میں سے ہر حصہ تقریباً ۶۶/صفحات پر مشتمل ہے۔

ضرورت ہے کہ نئی نسل کی ایمانی و فکری تربیت میں اس نصابی سیریز سے خاطر خواہ فائدہ اٹھایا جائے، اور اس کو عام کیا جائے۔

معبودی پبلیکیشن، دریا گنج نئی دہلی سے شائع ہوا ہے، رابطہ کے لیے موبائل نمبر ۹۸۱۱۴۶۲۴۷۰ درج ہے۔

نام کتاب: **مجالسِ معرفت**

مؤلف: ڈاکٹر سید محمود قادری

مفکرِ اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی رحمہ اللہ سے تزکیہ و تصوف کے شعبہ میں جن لوگوں نے استفادہ کیا ان میں سے ایک شخصیت ڈاکٹر سید محمود قادری کی ہے، جو اب بذاتِ خود اس میدان میں دوسروں کے لیے ایک رہنما کی حیثیت رکھتے ہیں۔

زیرِ نظر تالیف ان کے ہفتہ واری بیانات و افادات کا مجموعہ ہے جو ''تصوف''، ''نفس کی حالتیں''، ''اخلاص کس طرح پیدا ہوتا ہے''، ''کن لوگوں کے دلوں پر مہر لگتی ہے''، ''تفرقہ اور اختلافِ امت کی مذمت''، ''دین میں اختلاف کی حقیقت'' وغیرہ جیسے مختلف موضوعات کو شامل ہیں، یہ پہلی جلد ہے جس میں ۲۰/بیانات درج کیے گئے ہیں، امید ہے یہ سلسلہ اصلاح و تزکیہ کے طالبین کے لئے مفید ثابت ہوگا۔

نام کتاب: **اصلاحی مقالات**

مؤلف: ڈاکٹر سید محمود قادری

''چالیس اصلاحی مقالات'' بھی سید محمود قادری ہی کی تالیف ہے، جو کہ اصل میں مصنف کی جانب سے پیش کردہ چالیس اصلاحی پمفلٹس کی تالیفی شکل ہے، ان پمفلٹس کے اہم موضوعات میں سے کچھ یہ ہیں: گناہ کے اثرات، اعمال کی روح، ظاہر کی اہمیت، مقام صحابہ کرامؓ، خوف و حزن، شکر کی اہمیت، دلوں پر مہر کس طرح لگتی ہے، امت کا المیہ وغیرہ۔

نام کتاب: **ایمان اور کفر**

مؤلف: ڈاکٹر سید محمود قادری

ڈاکٹر صاحب کی ایک تالیف ہے، جو رمضان ۱۴۳۷ھ میں بعد عصر تا مغرب ان کی اصلاحی تقاریر کا مجموعہ ہے، ان مجالس میں انھوں نے ایمان کی تفصیلات پیش کی ہیں اور کفر کی مختلف اقسام اور ارتداد کے موضوع پر مفصل بحث کی ہے اور آخر میں ان اسباب پر روشنی ڈالی ہے جن کی بنا پر انسان ایمان پر ثابت قدم رہ سکتا ہے اور اس کو خاتمہ بالخیر کی سعادت حاصل ہوسکتی ہے۔

نام کتاب: **الاربعینات**

مؤلف: ڈاکٹر سید محمود قادری

ایک اور تالیف جو ڈاکٹر صاحب کی ہمیں برائے تبصرہ حاصل ہوئی ہے ''الاربعینات'' کے عنوان سے ہے، جس میں ۴۰/احادیث اخلاصِ نیت کے عنوان سے، ۴۰/احادیث دخول جنت کے عنوان سے اور اسی طرح ۴۰/احادیث دخول جہنم کے عنوان سے پیش کی گئی ہیں، احادیث کا سلیس اردو زبان میں ترجمہ کے ساتھ ان کو ذیلی عناوین کے تحت ذکر کیا گیا ہے۔

مذکورہ بالا چاروں تالیفات عمدہ کاغذ اور جلی حروف میں خانقاہ قادریہ، گوڈیہال کالونی، بیجاپور

رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ
لکھنؤ
تعمیرِ حیات
پندرہ روزہ
انسانی مرقع کی سب سے حسین تصویر
آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے تیار کیے ہوئے افراد میں سے ایک ایک نبوت کا شاہکار ہے، اور نوع انسانی کے لیے باعث شرف وافتخار ہے، انسانیت کے مرقع میں بلکہ اس پوری کائنات میں پیغمبروں کو چھوڑ کر اس سے زیادہ حسین وجمیل، اس سے زیادہ دلکش ودل آویز تصویر نہیں ملتی، جوان کی زندگی میں نظر آتی ہے، ان کا پختہ یقین، ان کا گہرا علم، ان کا سچا دل، ان کی بے تکلف زندگی، ان کی بے نفسی، خداترسی، ان کی پاکبازی، پاکیزگی، ان کی شفقت ورافت، اوران کی شجاعت وجلادت، ان کا ذوقِ عبادت اورشوقِ شہادت، ان کی شہسواری اوران کی شب زندہ داری، ان کی سیم وزر سے بے پروائی اوران کی دنیا سے بے رغبتی، ان کا عدل، ان کا حسن انتظام دنیا کی تاریخ میں اپنی نظیر نہیں رکھتا، نبوت کا کارنامہ یہ ہے کہ اس نے جوانسانی افراد تیار کیے، ان میں ایک ایک فرد ایسا تھا جواگر تاریخ کی متواتر شہادتیں نہ ہوتیں، تو ایک شاعرانہ تخیل اور ایک فرضی افسانہ معلوم ہوتا لیکن اب وہ ایک تاریخی حقیقت اور ایک مسلم الثبوت واقعہ ہے، جس میں شک کی کوئی گنجائش نہیں۔
مفکر اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ
سالانہ زرتعاون
₹400
۲۵/دسمبر ۲۰۱۸ء
فی شمارہ ₹20